4721CH23

سبق 23

# صحت کی عدالت

## (ڈراما)

### کردار

جج، پیش کار، محرّر، چپراسی، صحت انسپکٹر، ایک سپاہی، چار ملزم

(عدالت کا کمرہ۔ پیش کار اور محرّر کاغذات ٹھیک کر رہے ہیں۔ چپراسی دروازے پر کھڑا ہے۔ انسپکٹر صاحب داخل ہوتے ہیں۔)

انسپکٹر : السلام علیکم

پیش کار : وعلیکم السلام۔ آیئے انسپکٹر صاحب۔ جج صاحب کے آنے کا وقت ہو گیا ہے۔

انسپکٹر : فرمایے میرے کتنے مقدمے پیش ہوں گے؟

پیش کار : (فہرست دیکھتے ہوئے) زیادہ نہیں۔ صرف چار ہیں۔

(جج صاحب داخل ہوتے ہیں۔ سب لوگ ادب سے کھڑے ہو جاتے ہیں اور کارروائی شروع ہوتی ہے۔)

© NCERT not to be republished

جج : پیش کار صاحب! فہرست مقدمات پیش کیجیے۔

پیش کار : (کاغذات پیش کرتے ہوئے) یہ لیجیے جناب!

جج : ملزم نمبر ایک کو پیش کیا جائے۔

چپراسی : (آواز لگاتا ہے) ملزم نمبر ایک حاضر ہو۔

(ملزم نمبر ایک حاضر ہوتا ہے۔)

جج : اس کے خلاف کیا الزام ہے؟

انسپکٹر : جناب، صبح جب یہ اٹھتا ہے تو دانت نہیں مانجھتا اور گندے منہ کھانا شروع کر دیتا ہے۔





2019-20

جج : (ملزم کو مخاطب کرکے) تم نے صحت کا قانون توڑا ہے، کیا تمھیں اِس جُرم کا اقرار ہے؟

ملزم نمبر 1: (سہمی ہوئی آواز میں) جی ہاں، بات یہ ہے حضور زور دار بھوک لگی ہوتی ہے اور مجھ سے صبر نہیں ہوتا۔

جج : اچھا تو تمھیں ایسی سزا ملنی چاہیے جس کے ڈر سے تمھیں آئندہ صبر کرنے کی عادت پڑ جائے۔ تمھیں قانونِ صحت کے مطابق ایک ہفتہ کے لیے دانت کے درد کی سزا دی جاتی ہے۔

(پیش کار فوراً سزا کا فارم بھر کر ملزم نمبر ایک کے حوالے کرتا ہے۔ سپاہی اسے لے کر باہر چلا جاتا ہے۔ باہر سے کراہنے کی آواز آتی ہے جو رفتہ رفتہ مدّھم ہوتی جاتی ہے)

جج : (فہرستِ مقدمات دیکھتے ہوئے) مقدمہ نمبر دو۔ ملزم نمبر دو کو پیش کیا جائے۔

چپراسی : (آواز لگاتا ہے) ملزم نمبر دو حاضر ہو۔

انسپکٹر : (اشارہ کرتے ہوئے) جناب، ملزم نمبر دو یہ ہے۔ یہ رات کو اپنے کمرے کی کھڑکیاں بند کرکے اور منہ لحاف سے ڈھک کر سوتا ہے۔

جج : ملزم نمبر دو! کیا تم اپنے جرم کا اقرار کرتے ہو؟

(ملزم نمبر دو خوف سے کچھ بول نہیں پاتا اور کانپنے لگتا ہے۔)

جج : گویا تمھیں اقرار ہے۔ شکل سے تو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ تم نے اتنا بڑا جُرم کیا ہے۔ تازہ ہوا اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے اور اس کو تم رات بھر اپنے کمرے میں داخل نہیں ہونے دیتے۔ کیا یہ سچ نہیں ہے؟



© NCERT not to be republished

2019-20



ملزم نمبر 2 : جی ہاں، یہ سچ ہے لیکن میں کیا کروں۔ مجھے بہت سردی لگتی ہے۔

جج : (فیصلہ لکھتے ہوئے) قوانینِ صحت کی رُو سے ملزم نمبر دو کو زکام اور نزلہ کی سزا دی جاتی ہے۔

(سپاہی ملزم کے ساتھ پیش کار کے پاس آتا ہے اور سزا کا پرچہ لے کر باہر جاتا ہے۔ باہر سے چھینکنے کی آوازیں آتی ہیں۔)

جج : (فہرست دیکھتے ہوئے حکم دیتا ہے) ملزم نمبر تین کو پیش کیا جائے۔

چپراسی : (آواز لگاتا ہے) ملزم نمبر تین حاضر ہو۔

جج : اِس پر کیا الزام ہے؟

انسپکٹر : (تیسرے ملزم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) جناب، ملزم نمبر تین پیٹ بھر کھانا کھانے کے بعد بھی وقت بے وقت کھاتا رہتا ہے۔



جج : کیا تم اس جرم کا اقرار کرتے ہو کہ تم نے صحت کا اصول توڑا ہے؟ اپنی ضرورت سے زیادہ کھایا ہے اور بیمار پڑ کر والدین کو پریشان کیا ہے۔اس طرح تم نے ایک ساتھ تین جرم کیے ہیں۔

© NCERT not to be republished



2019-20

(ملزم سر جھکا لیتا ہے اور خاموش رہتا ہے۔)

جج : اچھا تو پھر تم کو پیٹ کے درد کی سزا دی جاتی ہے۔

(ملزم اپنا پیٹ پکڑے ہوئے کراہتا ہوا سپاہیوں کے ساتھ چلا جاتا ہے۔)

جج : مقدمہ نمبر چار۔ ملزم نمبر چار کو پیش کیا جائے۔

چپراسی : (آواز لگاتا ہے) ملزم نمبر چار حاضر ہو۔

(سپاہی ملزم نمبر چار لے کر داخل ہوتا ہے۔)

انسپکٹر : جناب، میں نے اس ملزم کو سڑک پر جا بجا تھوکتے ہوئے پایا اور منع کرنے کے باوجود اس نے جراثیم فضا میں بکھیر دیے۔

جج : (غصّہ سے) تمھاری یہ ہمّت! یہ ناقابلِ برداشت ہے۔ تم ساری بستی میں جراثیم پھیلا کر معصوم لوگوں کی جانیں خطرے میں ڈالنا چاہتے ہو؟ تمھارا جرم تو اتنا بڑا ہے کہ تم کو جتنی سخت سزا دی جائے کم ہے۔ (مقدمے کے کاغذات پر لکھتا جاتا ہے) اس کم عقل کو شدید کھانسی کی سزا دی جاتی ہے۔

(فیصلہ سنا کر اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور اندر کمرے میں چلا جاتا ہے۔)

پیش کار : (اعلان کرتا ہے) عدالت برخاست ہوتی ہے۔

(سپاہی ملزم نمبر چار کو لے جاتا ہے اور ملزم نمبر چار بری طرح کھانستا ہوا چلا جاتا ہے۔)

(ماخوذ)



2019-20

# مشق



## معنی یاد کیجیے

پیش کار : عدالت کے سامنے فائل پیش کرنے والا

محرّر : عدالتی کارروائی لکھنے والا۔ منشی

ملزم : جس پر الزام لگایا گیا ہو

مقدمہ : عدالتی کارروائی

اقرار : مان لینا، حامی بھرنا

مطابق : برابر

حوالے : سپرد کرنا، سونپنا

قوانین : قانون کی جمع

جراثیم : دکھائی نہ دینے والے کیڑے، جرثوم کی جمع

فضا : ماحول، ہوا

ناقابل برداشت : جو برداشت نہ ہو سکے

برخاست ہونا : ختم ہونا



## ان سوالوں کے جواب دیجیے

.1 اس ڈرامے میں کتنے مقدمے پیش کیے گئے؟

© NCERT not to be republished

2. ملزم نمبر ایک نے صحت کا کون سا قانون توڑا؟

3. ملزم نمبر دو پر کیا الزام لگایا گیا؟

4. کون سے ملزم کو پیٹ کے درد کی سزا دی گئی؟

5. سڑک پر تھوکنے کے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟



## نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کروائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صحت | الزام | قانون | جرم | مقدمہ |
| اقرار | فضا | سزا | عدالت | نعمت |



## نیچے دیے ہوئے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھروائیے

جراثیم    صحت    زکام    نعمت    مقدمات

1. جج! پیش کار! فہرست ..................... پیش کیجیے

2. تازہ ہوا اللہ کی بہت بڑی ................. ہے

3. ملزم نمبر دو کو .................. اور نزلہ کی سزا دی جاتی ہے

4. تم نے ................. کا اصول توڑا ہے

5. اس نے ................ فضا میں بکھیر دیے



## جمع سے وحد اور واحد کے جمع بنوائیے

الزام    مقدمہ    کاغذات    قوانین    کھڑکی

© NCERT not to be republished

## ان لفظوں کے متضاد لکھوائیے

حاضر | سردی | اقرار | ناقابل | سخت

## عملی کام

اپنی کتاب سے دس ایسے الفاظ تلاش کر کے لکھیے جن میں 'ض' استعمال کیا گیا ہو



اس ڈرامے کو اسٹیج کیجیے

## غور کرنے کی بات

1. آدمی کے لیے اچھی صحت بڑی نعمت ہے
2. دانت مانجھ کر کھانا شروع کرنا چاہیے
3. تازہ ہوا کے لیے سوتے وقت کمرے کی کھڑکیاں کھلی رکھنی چاہئیں
4. ضرورت سے زیادہ کھانا نہیں کھانا چاہیے
5. سڑک پر تھوکنے سے جراثیم پھیلتے ہیں

© NCERT not to be republished



2019-20